احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

ہفتہ 29/ اکتوبر 2005ء

روزنامہ

C.P.L 29-FD ٹیلی فون نمبر 047-6213029

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

ہفتہ 29/ اکتوبر 2005ء 24 رمضان 1426 ہجری 29 اخاء 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 244

اللہ ناراض ہوتا ہے

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضورﷺ نے فرمایا:۔

جو دعا نہیں کرتا اللہ تعالیٰ اس پر ناراض ہوتا ہے۔

(سنن ابن ماجہ کتاب الدعاء باب فضل الدعاء حدیث نمبر :3817)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

''دعا کا سلسلہ ہر وقت جاری رکھو اپنی نماز میں جہاں جہاں رکوع وسجود میں دعا کا موقعہ ہے دعا کرو اور غفلت کی نماز کو ترک کردو۔ رسمی نماز کچھ ثمرات مترتب نہیں لاتی۔'' (ملفوظات جلد 3 صفحہ 176)

یاد رکھو سب سے اول اور ضروری دعا یہ ہے کہ انسان اپنے آپ کو گناہوں سے پاک صاف کرنے کی دعا کرے۔ ساری دعاؤں کا اصل اور جزو یہی دعا ہے۔ (ملفوظات جلد سوم ص 617)

''جس گناہ کے چھوڑنے میں جو اپنے آپ کو کمزور پاوے۔ اس کو نشانہ بنا کر دعا کرے تو اسے فضل خدا سے قوت عطا ہوگی۔''

(ملفوظات جلد 3 صفحہ 622)

''وہ دعا جو اللہ تعالیٰ کے فضل کو جذب کرتی ہے وہ بھی انسان کے اپنے اختیار میں نہیں ہوتی انسان کا ذاتی اختیار نہیں کہ وہ دعا کے تمام لوازمات اور شرائط محویت توکل، تبتل، سوز وگداز وغیرہ کو خود بخود مہیا کرلے۔ جب اس قسم کی دعا کی توفیق کسی کو ملتی ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کے فضل کی جاذب ہو کر ان تمام شرائط اور لوازم کو حاصل کرتی ہے جو اعمال صالحہ کی روح ہیں۔''

(ملفوظات جلد 3 صفحہ 389)

''وہ دعا جو معرفت کے بعد اور فضل کے ذریعہ سے پیدا ہوتی ہے وہ اور رنگ اور کیفیت رکھتی ہے۔ وہ فنا کرنے والی چیز ہے۔ وہ گداز کرنے والی آگ ہے۔ وہ رحمت کو کھینچنے والی ایک مقناطیسی کشش ہے۔ وہ موت ہے پر آخر کو زندہ کرتی ہے۔ وہ ایک تُندسیل ہے پر آخر کو کشتی بن جاتی ہے۔ ہر ایک بگڑی ہوئی بات اس سے بن جاتی ہے اور ہر ایک زہر آخر اس سے تریاق ہو جاتا ہے۔ مبارک وہ قیدی جو دعا کرتے ہیں تھکتے نہیں کیونکہ ایک دن رہائی پائیں گے۔ مبارک وہ اندھے جو دعاؤں میں سست نہیں ہوتے کیونکہ ایک دن دیکھنے لگیں گے۔ مبارک وہ جو قبروں میں پڑے ہوئے دعاؤں کے ساتھ خدا کی مدد چاہتے ہیں کیونکہ ایک دن قبروں سے باہر نکالے جائیں گے۔ مبارک تم جب کہ دعا کرنے میں کبھی ماندہ نہیں ہوتے اور تمہاری روح دعا کے لئے پگھلتی اور تمہاری آنکھ آنسو بہاتی اور تمہارے سینہ میں ایک آگ پیدا کردیتی ہے اور تمہیں تنہائی کا ذوق اٹھانے کے لئے اندھیری کوٹھڑیوں اور سنسان جنگلوں میں لے جاتی ہے اور تمہیں بے تاب اور دیوانہ اور از خود رفتہ بنا دیتی ہے کیونکہ آخر تم پر فضل کیا جائے گا۔ وہ خدا جس کی طرف ہم بلاتے ہیں نہایت کریم ورحیم، حیا والا، صادق وفادار، عاجزوں پر رحم کرنے والا ہے۔ پس تم بھی وفادار بن جاؤ اور پورے صدق اور وفا سے دعا کرو کہ وہ تم پر رحم فرمائے گا۔''

(لیکچر سیالکوٹ۔ روحانی خزائن جلد 20 صفحہ 222 تا 223)

حضور کا خطبہ عیدالفطر

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ عیدالفطر مورخہ 4 نومبر 2005ء کو پاکستانی وقت کے مطابق 3:30 بجے سہ پہر ایم ٹی اے پر براہ راست نشر کیا جائے گا۔ تمام احباب مطلع رہیں اور استفادہ فرمائیں۔

حضور کا درس القرآن

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز مورخہ 3 نومبر 2005ء بروز جمعرات درس قرآن ارشاد فرمائیں گے یہ درس پاکستانی وقت کے مطابق 4 بجے سہ پہر ایم ٹی اے پر براہ راست نشر کیا جائے گا۔ احباب کرام زیادہ سے زیادہ استفادہ فرمائیں۔

میرا پیغام یاد رکھیں

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں:۔

''اور آئندہ عید میں بھی میرا وہ پیغام یاد رکھیں کہ آپ کی سچی عید تب ہوگی جب آپ غریبوں کی عید کریں گے۔ ان کے دکھوں کو اپنے ساتھ بانٹیں گے۔ ان کے گھر پہنچیں گے، ان کے حالات دیکھیں گے، ان کی غریبانہ زندگی پر ہوسکتا ہے آپ کی آنکھوں سے کچھ رحمت کے آنسو برسیں۔ کیا بعید ہے کہ وہی رحمت کے آنسو آپ کے لئے ہمیشہ کی زندگی سنوارنے کا موجب بن جائیں۔ ہوسکتا ہے کہ آپ کو پہلے علم نہ ہو کہ غریب کیا ہے۔ اس وقت پتہ چلے اور آپ کے اندر ایک عجیب انقلاب پیدا ہو جائے۔

(الفضل انٹرنیشنل 5/ اپریل 1996ء)

حضور انور کے خطبہ کا وقت

برطانیہ کا وقت تبدیل ہونے کی وجہ سے مورخہ 4 نومبر 2005ء سے ایم ٹی اے پر سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ پاکستانی وقت کے مطابق 5 بجے شام کی بجائے 6 بجے شام نشر ہوا کرے گا۔ احباب نوٹ فرمالیں۔

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل و جواہر (نمبر 357)

ستانوے برس قبل کے درس قرآن کا نظارہ

اخبار ''بدر'' قادیان دارالامان 25 جون 1908ء صفحہ 5 سے ایک اقتباس:۔

''درس قرآن حقائق آگاہ سید سرور شاہ صاحب فرماتے ہیں۔ مولانا کا طرز بیان نہایت دلچسپ اور وسیع واقع ہوا ہے۔ آپ کو اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کے ربط اور فصاحت و بلاغت کے بارے میں ایک خاص علم دیا ہے۔ قادیان میں رہنے والے احباب کو قرآن سیکھنے کے لئے نہایت عمدہ موقعہ ہے۔ مولانا صاحب نہایت باقاعدہ درس دیتے ہیں۔ پہلے الفاظ کی تشریح فرماتے ہیں پھر آیت کے معنے بیان کرتے ہیں پھر دوسری آیات سے اس کا ربط بتاتے ہیں اور مخالفین کے اعتراضات کا جواب دیتے ہیں۔ اگر اول سے آخر تک توجہ رکھی جائے تو معلومات میں بہت سی ترقی ہوسکتی ہے۔''

قرآں کتاب رحماں سکھلائے راہ عرفاں
جو اس کے پڑھنے والے ان پر خدا کے فیضاں

قادیان میں عید اور جمعہ کا اجتماع

حضرت علامہ خطیب بغدادی (1002ء- دسمبر 1070ء) نے بغداد کی تاریخ چودہ جلدوں میں لکھی ہے۔ ایک مقام پر یہ دلچسپ مقولہ تحریر فرماتے ہیں کہ جمعہ بغداد کا، تراویح مکہ معظّمہ کی اور عید طرسوس کی مشہور تھی۔

طرسوس کا شہر سرحد شام پر انطاکیہ اور حلب کے درمیان واقع ہے۔ یہ شہر بنو امیہ کے زمانہ میں صالحین وزہاد کا مسکن تھا لیکن 965ء میں عیسائی بادشاہ نفقور نے قبضہ کرلیا تو اکثر باشندے دوسرے ممالک میں ہجرت کر گئے اور باقی حلقہ بگوش عیسائیت ہوگئے۔ الغرض کسی زمانہ میں طرسوس کی عید کی دھوم مچی ہوئی تھی مگر انیسویں صدی عیسوی میں قادیان کی عید کو شہرت دوام حاصل ہوئی۔ حضرت مولانا شیر علی صاحب نے 10 دسمبر 1930ء کو ذکر حبیب کی ایک روح پرور مجلس میں 5 مارچ 1897ء کی عید قادیان کا تذکرہ کرتے ہوئے فرمایا:۔

''میں لاہور میں سیکنڈ ایئر کلاس میں جب پڑھتا تھا۔ ایک دفعہ مفتی محمد صادق صاحب اور مرزا ایوب بیگ صاحب وغیرہ بعض احباب عید کے موقعہ پر قادیان حاضر ہونے کے لئے چلے۔ میں بھی ساتھ تھا۔ ......ہم دس بجے رات کے بٹالہ اسٹیشن پر پہنچے۔ چونکہ میرے ساتھ مخلصین تھے۔ اس لئے ہم بٹالہ میں آرام کرنے کے لئے نہ بیٹھے اور اسی وقت قادیان کو چل پڑے۔ رات رات میں ہم قادیان آپہنچے۔ ہم حضرت (مولانا نورالدین) کے مطب کی اس کوٹھڑی میں ٹھہرے۔ جو اب مولوی قطب الدین صاحب کے مطب کے سامنے ہے۔ اس وقت کوئی خاص انتظام نہ تھا۔ ہم زمین پر سو رہے۔ اگلے دن عید اور جمعہ کا اجتماع تھا۔ ہم حضرت (اقدس) کے ساتھ ان دونوں میں شریک ہوئے۔ یہ عید مولوی محمد احسن صاحب نے پڑھائی تھی۔ کیونکہ حضرت مولوی نورالدین صاحب یہاں موجود نہ تھے۔ یہی وہ عید تھی جس کے متعلق یہ الہام ہوا تھا۔

ستعرف یوم العید والعید اقرب

اس زمانہ میں حضرت (اقدس) کا معمول یہ تھا کہ آپ مہمانوں کے ساتھ بیٹھ کر کھانا تناول فرمایا کرتے تھے۔ اس زمانہ میں چھوٹی چھوٹی ٹین کی پیالیوں میں سالن ہوتا اور مٹی کے آبخوروں میں پانی پیا جاتا تھا۔ حضور اپنے مہمانوں کے ساتھ کھانا تناول فرماتے اور آہستہ آہستہ کھانے میں مشغول رہتے تاکہ سب لوگ، آرام اور اطمینان سے کھاسکیں۔ باوجود اس کے کہ حضور دیر تک دسترخوان پر بیٹھے رہتے مگر کھانا بہت ہی کم کھاتے''۔

(''سیرت حضرت مولوی شیر علی'' ص 385-386 از ملک نذیر احمد ریاض)

خدا کی خاطر تکالیف برداشت کرنے کا اجر

حضرت محمد فاضل صاحب ریٹائرڈ میونسپل انجینئر فیروز پور کی اہلیہ محترمہ زینب بی بی صاحبہ نے اپنی والدہ صاحبہ اور بھاوج امۃ العزیز بیگم صاحبہ کے ساتھ قادیان میں حضرت مسیح موعود کی بیعت کا شرف حاصل کیا۔ بیعت کے بعد آپ کی والدہ نے اپنے گاؤں بوتالہ میں لوگوں کی مخالفت احمدیت کے حالات سنائے۔ حضرت امام ہمام نے دریافت فرمایا کہ گاؤں والوں نے کس طرح آپ کو گاؤں سے نکالا کس طرح آپ کے گھر کا پانی بند کیا اور کس طرح تنور سے آپ کی روٹیاں لگوانی بند کردیں۔ بعد ازاں فرمایا:۔

''جو سب تکلیفیں آپ اپنے گاؤں میں برداشت کرتے رہے ہیں۔ خدا کے فضل سے ان کو برداشت کرنے پر اللہ تعالیٰ آپ کو بڑا اجر دے گا ...... کیونکہ آپ نے خدا تعالیٰ کی راہ میں ان تکلیفوں کی کوئی پرواہ نہیں کی اور آپ نے اس مخالفت کے دوران میں خدا کے فضل سے اپنے ایمانوں کو نہیں چھوڑا اس کے عوض میں اللہ تعالیٰ آپ کے مدارج انشاء اللہ بلند کریگا۔''

(الفضل 16/اپریل 1998ء)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

اعلان داخلہ

نیشنل کالج آف آرٹس لاہور نے سیشن 2005-06 میں ایم فل اور پی ایچ ڈی ان کمیونیکیشن اور کلچر سٹڈیز میں داخلے کا اعلان کیا ہے درخواست فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 30 نومبر 2005ء ہے نیز ماسٹر ڈگری کے حامل امیدوار Apply کر سکتے ہیں۔ مزید معلومات کیلئے روزنامہ ڈان مورخہ 23/اکتوبر 2005ء ملاحظہ کریں۔

(نظارت تعلیم)

نصرت جہاں اکیڈمی کی نمایاں کامیابیاں

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد کے زیر اہتمام اور ہیڈ ماسٹر ایجوکیشن کے زیر انتظام تحصیل لیول پر سالانہ علمی و ادبی مقابلہ جات مورخہ 17/سے 22/اکتوبر 2005ء تک گورنمنٹ ہائی سکول چنیوٹ میں منعقد ہوئے جس میں نصرت جہاں اکیڈمی کے درج ذیل طلباء نے پوزیشنز حاصل کیں۔

1۔ اردو مباحثہ (حق میں)۔ ہشام احمد فرحان ولد مبشر احمد خالد صاحب۔ اول
2۔ اردو مباحثہ (مخالفت میں)۔ فاتح احمد ولد شفیق احمد صاحب۔ دوئم
3۔ سائنس کوئز۔ وقاص علی ولد سلامت علی صاحب دوئم
4۔ انگریزی تقریر۔ ہشام احمد فرحان ولد مبشر احمد خالد صاحب۔ اول
5۔ فی البدیہہ تقریر۔ طاہر احمد فضل ولد فضل احمد شاہد صاحب۔ اول
6۔ بیت بازی۔ فاتح احمد ولد شفیق احمد صاحب۔ دوئم
7۔ اقبالیات۔ ہشام احمد فرحان ولد مبشر احمد خالد صاحب۔ دوئم
8۔ پنجابی ٹاکرہ (حق میں) مباہل احمد ولد محمود احمد صاحب۔ اول
9۔ پنجابی ٹاکرہ (مخالفت میں) مدثر احمد ولد آفتاب احمد صاحب۔ اول
10۔ جنرل کوئز۔ وقاص علی ولد سلامت علی صاحب دوئم

دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں ہمیشہ اعلیٰ کامیابیوں سے نوازے اور ہمیں حقیقی وقف کی روح سے اپنے فرائض ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

(پرنسپل بوائز انگلش میڈیم و کالج سیکشن)

اعلان دارالقضاء

محترمہ رضیہ کوثر صاحبہ بابت ترکہ محترم میاں عبدالحی صاحب

محترمہ رضیہ کوثر صاحبہ نے درخواست دی ہے کہ میرے خاوند محترم میاں عبدالحی صاحب بقضائے الٰہی وفات پاگئے ہیں قطعہ نمبر 18/18 واقع دارالعلوم غربی برقبہ ایک کنال ان کے نام بطور مقاطعہ گیر کے منتقل کردہ ہے یہ قطعہ پلاٹ اپنی بڑی بیٹی محترمہ امۃ الحلیم رفعت صاحبہ کے نام منتقل کروانا چاہتی ہوں۔ دیگر ورثاء کو اس پر کوئی اعتراض نہیں جملہ ورثاء کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

1۔ محترمہ رضیہ کوثر صاحبہ۔ بیوہ
2۔ محترم عبدالشکور صاحب۔ پسر
3۔ محترمہ امۃ الحلیم رفعت صاحبہ۔ دختر
4۔ محترمہ امۃ الشکور طلعت صاحبہ۔ دختر
5۔ محترمہ امۃ الودود نگہت صاحبہ۔ دختر
6۔ محترم عبدالوہاب صاحب۔ پسر
7۔ محترمہ امۃ القدوس نزہت صاحبہ۔ دختر

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ اگر کسی وارث یا غیر وارث کو کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دفتر ہذا کو مطلع کرے۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

درخواست دعا

مکرم رانا فاروق احمد صاحب مربی سلسلہ تحریر کرتے ہیں کہ چوہدری حمید اللہ سیال صاحب ناظم انصاراللہ ضلع قصور دل کے عارضہ میں مبتلا ہیں اور ڈاکٹروں نے اس مرض کے پیچیدہ ہونے کا خاص طور پر ذکر کیا ہے۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ موصوف کو ہر قسم کی پیچیدگی سے محفوظ رکھے اور جلد شفائے کاملہ سے نوازے۔ آمین

ضرورت اکاؤنٹنٹ اور خاکروب

نصرت جہاں انٹر کالج ربوہ میں اکاؤنٹنٹ اور خاکروب کی فوری ضرورت ہے۔ خواہشمند حضرات اپنی درخواستیں صدر صاحب حلقہ کی تصدیق سے مجھے کو جلد از جلد بھجوادیں۔

1۔ اکاؤنٹنٹ: کمپیوٹر چلانا جانتا ہو۔ اکاؤنٹ کا تجربہ رکھنے والے کو ترجیح دی جائے گی۔
2۔ خاکروب

(پرنسپل نصرت جہاں انٹر کالج ربوہ)

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

نماز میں توجہ قائم رکھنے کے مؤثر ذرائع

علم النفس کی روشنی میں دینی عبادت اور فلسفۂ توجہ پر مشتمل ایک نادر تحریر

محترم پروفیسر قاضی محمد اسلم صاحب

عام طور پر یہ کہا جاتا ہے کہ فن کو سائنس پر نمایاں فوقیت حاصل ہے۔ انسان اپنے ہنر اور تجربہ کی بنا پر ایسے طریقے اختیار کرتا ہے جن کے ذریعہ سے وہ امور سرانجام پاتے ہیں جن کے صرف سمجھنے ہی کی پُر امید کوششوں میں سائنس غلطاں وپیچاں رہتی ہے۔ چہ جائیکہ ان میں بہتری کی صورت پیدا کرسکے۔

منطق، اخلاقیات اور جمالیات، جنہیں نظریاتی علوم سے تعبیر کیا جاتا ہے کم وبیش ان امور کی طرف توجہ دیتے ہیں جنہیں انسانی تجربے اور ہنر نے مرور زمانہ کے ساتھ کوئی نہ کوئی شکل دی ہے۔ رفتہ رفتہ جب ان امور کی مکمل آگاہی کے واضح نتائج مرتب ہونے لگتے ہیں تو نظریاتی علم انسانی عمل کی یا دوسرے لفظوں میں سائنس فن کی بے دریغ رہنمائی کرنے لگتی ہے۔ اس صورتحال کی بہترین وضاحت مذہب کے مطالعہ سے ہوسکتی ہے۔ اہل مذہب کے نزدیک، مذہب کا منبع و مخرج ''الہام'' ہے۔ خدا تعالیٰ انسان کو مذہب سکھاتا ہے یہ کوئی ایسی چیز نہیں جسے انسان تہذیب وتمدن کے دوسرے عناصر کی طرح اپنی کاوش اور تجربے سے حاصل کرنے پر قادر ہے۔ چاہے ہم مذہب کے الہامی منبع کو تسلیم کریں یا نہ کریں ہمیں اس حقیقت سے انکار کی گنجائش نہیں کہ مذہب ہی ایسا انسانی ورثہ ہے جو اپنے اندر مختلف قدیم ترین دساتیر و روایات کا حامل ہے اور جن کے مطالعہ اور تفہیم کے لئے سائنس زیادہ سے زیادہ ایک پُر امید کوشش تو کرسکتی ہے مگر ان کو ارتقائی شاہراہوں پر چلانے سے قاصر ہے۔

یہی وہ نظریہ ہے جس کے تحت مجھے خیال آیا کہ اگر (دین حق) کے مختلف ارکان کا نفسیاتی تجزیہ کیا جائے تو ایسا تجزیہ اور علم نفسیات دونوں کے لئے دلچسپی اور فائدے کا باعث ہوگا۔ اس امر کی وضاحت کے لئے میں نے نماز کو جو (دین) کا ایک اہم رکن ہے منتخب کیا ہے۔ کیونکہ نماز انسان کی دماغی کیفیت کو جو لفظ ''توجہ'' سے موسوم ہے آمادہ و مرتکز کرنے کے لئے ایک کامیاب ذریعہ ہے۔ صرف آمادہ و مرتکز ہی نہیں کیا جاسکتا بلکہ اسے قائم بھی رکھا جاسکتا ہے لیکن اس امر سے یہ خیال نہیں پیدا ہونا چاہئے کہ نماز وہ ذریعہ ہے جس سے صرف توجہ پیدا کی جاتی ہے بلکہ یہ وہ طریقہ عبادت ہے جو متعدد نفسیاتی، اخلاقی اور روحانی امور پر مشتمل ہے لیکن اگر نماز میں توجہ قائم نہ رکھی جاسکے تو اس میں امور کا حصول مشکل بلکہ ناممکن ہوجائے گا۔ پس یہ بہت ضروری ہے کہ نماز ادا کرنے والا اپنے اندر توجہ کو خاص طور پر پیدا کرے۔

ایک ایسے طریقہ عبادت کے لئے جس کا واحد اور اولین مقصد یہی ہے کہ خدا تعالیٰ کے سامنے حاضر ہونے کا مکمل احساس پیدا ہو۔ ضروری ہے کہ اس میں زیادہ سے زیادہ حضور قلب حاصل ہو۔ نماز کروڑوں انسانوں کو نسلاً بعد نسلٍ سکون قلب بہم پہنچاتی رہی ہے اور اب بھی بہم پہنچا رہی ہے۔ پس ضروری ہے کہ نماز کی ترکیب اور قواعد وضوابط ایسے ہوں کہ جنہیں ملحوظ رکھ کر زیادہ سے زیادہ حد تک توجہ قائم کی جاسکے۔ جو بات میں کہنا چاہتا ہوں وہ صرف اتنی ہی ہے کہ ہمیں حصول توجہ کے لئے ارکان نماز سے ہی مدد لینی چاہئے کیونکہ یہ کوشش خواہ کتنی ہی معمولی کیوں نہ ہو ثمر لائے بغیر نہیں رہ سکتی۔

نماز میں توجہ پیدا کرنے اور قائم رکھنے کے متعدد مؤثر ذرائع ہیں اور ان مؤثر ذرائع کا تجزیہ اور وضاحت اچھی خاصی دلچسپی کا باعث رہے گی۔ نماز کے ارکان میں توجہ قائم رکھنے کے ذرائع کی مختلف نوعیتیں ہیں۔ جن کی ظاہری شکلیں اپنی مختلف حرکات و سکنات کے ساتھ توجہ کے قیام اور تسلسل میں بہت مدد ثابت ہوتی ہیں۔ نماز کی رکعتوں میں تقسیم، نماز میں توجہ پیدا کرنے کے لئے نمایاں طور پر ممد و معاون ثابت ہوتی ہے۔ نماز کی اس تقسیم سے یقیناً اور بھی کئی فوائد حاصل ہوتے ہیں لیکن ایک مقصد یہ بھی ہے کہ اس کے ذریعہ نماز میں تصورات اور خیالات مخل نہ ہوں کیونکہ یہ دماغ کا خاصہ ہے کہ ایک خیال دوسرے خیال کو جنم دیتا ہے جو آپس میں اس طرح مربوط ہوتے ہیں کہ انہیں ایک دوسرے سے جدا کرنا کار دارد ہے۔ یہ امر قدرتی ہے۔ اسی لئے جب ایک حالت سے دوسری حالت میں جاتے ہیں تو خیالات اور تصورات کا یہ کارواں بھی سایے کی طرح ہمارے ساتھ ساتھ حرکت کرتا رہتا ہے جب ہم ایک کام میں مشغول ہوں تو فطری طور پر آئندہ کرنے والے کام کی ایک جھلک موجودہ کام میں بھی پیدا ہوجاتی ہے۔ اس لئے ضروری ہے کہ ہمارے موجودہ کام میں آئندہ آنے والے کام کے خیال اور تصور کا کچھ حصہ ضرور آجائے۔ اب ہماری روزمرہ کی زندگی افعال واشغال کا لامتناہی چکر ہے اسی لئے بعض اوقات کسی کام میں توجہ کو قائم رکھنا نہایت مشکل ہوجاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہماری پنجگانہ نمازیں روزمرہ کی مصروفیتوں اور سرگرمیوں سے الگ نہیں کی جاسکتیں۔

پس نماز کے اصل حصے کو دوسرے افعال کے خیالات وتصورات سے محفوظ رکھنا ازحد ضروری ہے۔ اسی واسطے نماز کے حصوں کو اہمیت کے لحاظ سے اس طرح تقسیم کیا گیا کہ زیادہ اہم حصے کو فرائض قرار دیا گیا اور کم اہم کو سنن۔ سنتیں اگرچہ ضروری ہیں لیکن ان کی اہمیت اپنے وقت اور ماحول کے مطابق بدلتی رہتی ہے۔ ایسی نمازیں جن میں فرائض سنن کے درمیان واقع ہیں ان سنتوں سے یہ فائدہ ہوتا ہے کہ قبل از نماز اور مابعد کے دنیاوی اور غیر ضروری کاموں کے خیالات کی یورش سے انسانی دماغ فرض نماز میں محفوظ رہتا ہے۔ فرض نماز سے قبل سنتیں ان پراگندہ خیالات کو بڑی حد تک دور کردیتی ہیں جو نماز سے پہلے کے کاموں سے متعلق ہوتے ہیں جن سے چھٹکارا حاصل کرکے انسان نماز کے لئے کھڑا ہوتا ہے۔ اور نماز کے بعد کی سنتیں ان خیالات کو فرض نماز کی ادائیگی کے وقت دور رکھتی ہیں جو انسان کو نماز کے بعد کرنے ہوتے ہیں۔ اس طرح سے سنن کے فرض نماز سے پہلے یا بعد میں آنے کی حکمت واضح ہوجاتی ہے۔ سنن کا بعض نمازوں سے الحاق بھی دلچسپی سے خالی نہیں۔ یوں معلوم ہوتا ہے اور جیسا کہ ان کی ترتیب سے ظاہر ہے کہ ان کو حضور قلب کے حصول کے لئے ممد ومعاون کے طور پر مقرر کیا گیا ہے۔ مثلاً فجر کی نماز نیند کے بعد ادا کی جاتی ہے جس کے بعد عام طور سے جلد ہی دنیوی اشغال کے شروع ہونے کی توقع نہیں کی جاتی اس لئے فرض نماز کے بعد کسی قسم کی سنتوں کو نہیں رکھا گیا لیکن فرائض سے پہلے دو سنتوں کے ادا کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ کیونکہ انسان جب سونے کے بعد بستر استراحت سے اٹھتا ہے تو نیند کے غلبے کی وجہ سے کچھ سستی اور کاہلی کے اثرات ضرور موجود رہتے ہیں۔ فرائض سے قبل ان سنتوں کو ادا کرنے سے یہ سستی اور کاہلی دور ہوجاتی ہے اور نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ نمازی فرائض کو زیادہ توجہ سے ادا کرسکتا ہے۔ ظہر کی نماز عموماً نصف دن یعنی اوقات کار کے درمیان ادا کی جاتی ہے اور چونکہ نمازی نے نماز کے بعد بھی اتنے ضروری کام کرنے ہوتے ہیں جیسا کہ وہ نماز سے قبل بھی اہم دنیوی کاموں میں مشغول ہوتا ہے اس لئے سنن کو نماز سے قبل اور بعد میں رکھ دیا گیا ہے۔ عصر کی فرض نماز سے قبل سنتوں کا ادا کرنا ضروری نہیں۔ اس کی وجہ یہی ہے کہ عموماً اس وقت انسان اپنے دنیاوی کام ختم کرچکتا ہے اور ذہن انسانی سے منتشر و پراگندہ خیالات دور ہوچکے ہوتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ عصر کی نماز میں سنتوں کو شامل نہیں کیا گیا۔ کیونکہ اس نماز کے بعد عموماً کوئی کام باقی نہیں رہتا۔ اسی طرح مغرب کی نماز سے قبل بھی کوئی سنتیں نہیں ادا کی جاتیں۔ اس کا سبب یہی ہے کہ عصر کی نماز کے بعد ایسا کوئی کام نہیں کیا جاتا جس کے گہرے نقوش دماغ کو پراگندہ کردیں۔ اور چونکہ غروب آفتاب اور رات کے طاری ہونے کے درمیان بہت کم وقفہ ہوتا ہے اس لئے پہلے سنن مقرر نہیں کی گئیں۔ البتہ مغرب کی نماز کے بعد سنن مقرر کی گئی ہیں جس کی وجہ یہی ہے کہ مغرب کی نماز کے بعد عموماً کھانا کھایا جاتا ہے اور انسانی دماغ کھانے اور اس کے متعلقات کی طرف متوجہ ہونے لگتا ہے اس لئے فرض نماز کو اس ذہنی کشمکش سے محفوظ رکھنے کے لئے دو سنتوں کی زیادتی کردی گئی۔ عشاء کی نماز سے قبل سنتوں کا پڑھنا لازمی قرار نہیں دیا گیا۔ کیونکہ مغرب اور عشاء کے درمیانی وقفے میں عموماً کوئی ایسا واقعہ ظہور پذیر نہیں ہوتا جس کے اثرات خیالات کو پراگندہ اور منتشر کردیں۔ البتہ نوافل کی اجازت ضرور دی گئی ہے۔ جیسا کہ عصر کی نماز سے قبل بھی ادا کئے جاسکتے ہیں۔ ایسا اس لئے ہے کہ اگر نمازی چاہے تو اپنی توجہ کو قائم اور مضبوط کرنے کے لئے نوافل پڑھ لے۔ اس طرح یکسوئی حاصل ہوجائے گی۔ فرائض کے بعد دو سنتوں اور تین وتروں کو ادا کرنے کا حکم ہے۔ تاکہ وہ خیالات جو بستر استراحت پر لیٹے ہوئے آتے ہیں اور ذہنی اور قلبی یکسوئی کو مجروح کرتے ہیں ان کا تدارک کیا جاسکے۔ مومنین تین وتروں کو عموماً آدھی رات یا رات کے پچھلے حصہ میں ادا کرتے ہیں۔ کیونکہ اس سے نیند کے دوران میں بھی نیک خیالات انسانی دماغ کو مصروف ومشغول رکھتے ہیں۔ اس طرح انسان اپنی نیند کا غلام نہیں بلکہ مالک ومختار ہوجاتا ہے۔ یعنی جب چاہے اس سے فائدہ اٹھائے اور جب چاہے اس کو اپنے کاموں میں اثر انداز نہ ہونے دے۔

کسی کام کے کرنے سے قبل اور مابعد کے کاموں کے خیالات کا یہ ارتباط بغیر کسی ارادی اور تجرباتی کوشش کے محسوس کیا جاسکتا ہے لیکن اس کا تجزیہ کرنا بھی نہایت آسان ہے۔ مثلاً جو صورت نماز میں میں نے پیش کی ہے اس پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ نماز کو دو حصوں میں اس طرح تقسیم کرنا کہ کچھ لابدی قرار دیا جائے اور کچھ حصے پر اتنا ضروری نہ ہو محض اس لئے ہے کہ انسان کی توجہ اس حصہ پر جو نہایت ضروری ہے پوری طرح مرتکز رہے۔ اس قسم کا تجرباتی تجزیہ دو طرح سے مفید نتائج کا حامل ثابت ہوگا اولاً اس عجیب و غریب طریقہ عبادت یعنی نماز کے دلچسپ اجزا پر روشنی پڑے گی۔ ثانیاً انسانی ذہن سے توجہ کے متعلق کی کیفیت صبح سے دوپہر تک۔ دوپہر سے سہ پہر تک سہ پہر سے شام تک اور شام سے بستر پر دراز ہونے تک اور اس پر پڑنے والے اثرات کی وضاحت ہوجائے گی اس قسم کے تجربے اور تجزیے مذہبی اور نفسیاتی

دونوں لحاظ سے نہایت اہم ہوں گے۔

نماز میں توجہ کو اس قدر اہمیت حاصل ہے کہ نماز کی اس تقسیم رکعات کے علاوہ کئی اور بھی ایسے امور ہیں جو حضور قلب کے لئے انسان کے ممد و معاون ثابت ہوتے ہیں۔طریق عبادت میں کئی ایسی شرائط اور قیود لگا دی گئی ہیں جو توجہ کو برقرار رکھنے میں نمایاں کردار ادا کرتی ہیں۔نہایت اختصار کے ساتھ ان پر بھی روشنی ڈالنا ضروری سمجھتا ہوں۔ان قواعد و ضوابط کا مفصل تجزیہ، تجربات و مشاہدات کی روشنی میں پھر کبھی کیا جائے گا۔سردست چند ایک کا تذکرہ کیا جاتا ہے۔

ان امدادی ذرائع میں سب سے اہم بات نماز کو خاص ضبط و نظم کے ساتھ باجماعت ادا کرنا ہے۔ یہ ایک واضح حقیقت ہے کہ حضرت بانی اسلام ﷺ نے اور اس وقت سے لے کر اب تک کے علماء و فضلاء نے بیوت الذکر میں نماز باجماعت ادا کرنے پر زور دیا ہے۔ یہاں تک کہ بہت سے متقدائمہ اس خیال کے موید ہیں کہ نماز صرف اسی وقت نماز کہلا سکتی ہے۔ جب اسے بیوت الذکر میں جماعت کے ساتھ ادا کیا جائے۔یہ بھی عام مسلمہ بات ہے کہ نماز باجماعت کی ہیئت وساخت دوسری اجتماعی عبادات سے بہت مختلف ہے۔......کی باجماعت نماز چند نمازیوں یا عبادت گزاروں کا کوئی معمولی مجمع نہیں بلکہ ایک ایسا منظم اجتماع ہے جس کی قیادت امام الصلوٰۃ کرتا ہے۔امام الصلوٰۃ کی حیثیت کے متعلق اتنا جاننا ضروری ہے کہ اس کی حرکات وسکنات کا مکمل تتبع مقتدیوں پر واجب ہے یہاں تک کہ اگر امام سے غیر ارادی طور پر کوئی فروگزاشت بھی ہو جائے تب بھی مقتدیوں کو حکم ہے کہ امام کی اطاعت کریں۔ایسے اجتماع کا وجود حضور قلب کے حصول اور توجہ کے قیام میں کس قدر معاونت کرتا ہے۔امام کی حرکات وسکنات بھی مقتدیوں کی توجہ کو انتشار سے بچاتی ہیں۔ مقتدی جونہی خیالات و تصورات کے پیچھے بھٹکنے لگتے ہیں جو کسی کام کے مسلسل کرنے کی وجہ سے قدرتی طور پر پیدا ہو جاتے ہیں۔تو امام کا بلند آواز سے تبدیلی حرکات کا اعلان ان کی توجہ پھر نماز کی طرف منعطف کرا دیتا ہے۔ یہاں ہم ضرورت تبدیلی حرکات کے نکتے کی حقیقت سے بھی آگاہ ہو جاتے ہیں۔نماز کی سنجیدہ، متین ادائیگی میں مختلف حرکات وسکنات اور ان پر امام کی بلند آواز تکبیروں سے نمازیوں کو یہ فائدہ پہنچتا ہے کہ وہ ایک حالت کے اکتا دینے والے تسلسل سے جو نماز کی لذت کا ستیاناس کرسکتا ہے محفوظ ہو جاتے ہیں۔

نماز میں توجہ قائم رکھنے کا ایک اور اہم ذریعہ وہ حکم ہے جس کی رو سے نمازیوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ عبادت کے دوران میں اپنی آنکھیں خوابیدہ کرنے کی بجائے اس مقام پر مرکوز کریں جسے سجدہ ریز ہونے کی حالت میں ان کے ماتھے چھوئیں گے۔اکثر لوگ عموماً اور اہل مغرب خصوصاً اس حکم پر اعتراض کرتے ہیں لیکن اگر ہم غور سے جائزہ لیں تو توجہ قائم رکھنے کے سلسلہ میں اس کی ضرورت بھی واضح ہو جاتی ہے اگر بصارت کی حس مصروف عمل نہ ہو جیسا کہ آنکھ بند کر لینے کی صورت میں ہوتا ہے تو نمازی کا ذہن سننے، چھونے اور سونگھنے، غرض ہر قسم کے بیرونی اثرات کو قبول کرنے کے لئے تیار ہو جاتا ہے۔نمازی کے ذہن کو اس قسم کے اشتعال انگیز خارجی اثرات سے بچانے کے لئے بہترین صورت یہی ہو سکتی تھی کہ حواس خمسہ میں سے کوئی ایک حس پوری قوت کے ساتھ مصروف عمل رہے۔ایک حس کے پوری شدت سے مصروف عمل ہونے کا نتیجہ یہ ہوگا کہ باقی حواس بیرونی اثرات کو قبول کرنے کی عام صلاحیت سے وقتی طور پر بے بہرہ ہو جائیں گے۔اب ایسی آسان اور کارآمد حس صرف بصارت کی حس ہو سکتی ہے۔ آنکھوں کو بروئے کار لانے سے نمازی نیند کے حملہ سے بچ جاتا ہے اور ساتھ ساتھ دوسرے حواس بھی شدت عمل کو چھوڑ دیتے ہیں، قوت باصرہ کے انتشار کو روکنے کے لئے سادہ اور عام درجہ کی صفوں اور چٹائیوں پر نماز پڑھنے کا حکم دیا گیا ہے۔رنگا رنگ اور بوقلموں قالین، غالیچے اور چٹائیاں نماز کے لئے مستحسن نہیں سمجھی گئیں۔

اس کے علاوہ وضو کا رکن بھی نماز میں توجہ قائم رکھنے کے لئے ممد و معاون ثابت ہوتا ہے۔ یہ حضور قلب کے حصول میں ممد و معاون ثابت ہونے والے ارکان کی بالتفصیل وضاحت کا موقعہ نہیں ہے۔تاہم نماز کی بناوٹ اور ساخت اور اس میں دوسرے ضروری ارکان اس قابل ہیں کہ ان کا تجرباتی تجزیہ کیا جائے۔تو ایسا تجربہ خالی از دلچسپی نہ ہوگا۔ اگر ان تمام اجزاء کا مطالعہ کیا جائے۔ان کی اصل حقیقت تلاش کی جائے تو یہ اقدام (دین حق) اور علم النفس دونوں کے لئے بہت مفید ثابت ہوگا۔ (ماہنامہ خالد، جنوری 1961ء)

آئینہ سازی کا فن

آئینہ روزمرہ استعمال کی اشیاء میں سے ایک ہے۔آج کے ترقی یافتہ دور میں یہ ہر گھر میں استعمال ہوتا ہے۔ آئینے کے بغیر خواتین کا بناؤ سنگھار نامکمل رہتا ہے۔ آئینہ بظاہر ایک سادہ شے ہے لیکن آئینہ سازی کا فن بہت قدیم ہے۔پہلے پہل آئینے کانسی اور دیگر دھاتوں کے اوپر پالش کر کے بنائے جاتے تھے۔ان ابتدائی آئینوں کی سطح قدرے محدب (Convex) یعنی باہر کی جانب خمیدہ ہوتی تھی اور ان میں چہرہ اصلی کے مقابلے میں قدرے چھوٹا نظر آتا تھا۔شیشے سے آئینہ سازی کا آغاز رومنوں کے دور میں ہوا۔اس دور میں شیشے سے آئینہ سازی کیلئے اپنائے جانے والے طریقے بعد میں آئینہ سازی کی تکنیکوں کے مقابلے میں ابتدائی نوعیت کے تھے۔شیشے کے اوپر پگھلے ہوئے سیسے قلعی اور سرمے کے آمیزہ کی ایک باریک تہ چڑھائی جاتی تھی۔اس طریقے سے بنائے گئے آئینے مکمل طور پر مسطح (ہموار) نہیں ہوتے تھے اور اس بھرت سے بننے والی عاکس سطح میں ایک سبزی مائل نیلا عکس بنتا تھا۔ ان خامیوں کے باوجود یہ ابتدائی آئینے خواتین میں بے حد مقبول ہوئے اور 625ء میں پوپ بونی فیس چہارم (Pope Boniface iv) نے نورتھمبریا (Northumbria) کی ملکہ ایتھل برگا (Aethelberga) کو ایک آئینہ تحفتہً پیش کیا۔

صنعتی پیمانے پر آئینہ سازی کا آغاز (یورپ کے) قرون وسطی کے اواخر تک نہیں ہوا تھا۔آئینہ سازی کے ابتدائی مراکز میں سے ایک وینس کے قریب مورانو (Murano) کا جزیرہ تھا۔وینس کی حکومت نے یہ جزیرہ آئینہ سازوں کو اس لئے دے رکھا تھا کہ ان کی بھٹیوں سے شہر میں آگ لگنے کے بیشتر واقعات رونما ہو چکے تھے۔سولہویں صدی عیسوی کے وسط تک وینس کے آئینہ ساز اپنے ہم پیشہ افراد کی ایک انجمن قائم کر چکے تھے۔تاہم بالکل ایسی ہی ایک انجمن نیورن برگ (Nurnburg) میں پہلے سے موجود تھی۔

آئینہ سازی کا ایک نیا طریقہ جو آج کل بھی کئی جگہوں پر اپنایا جاتا ہے وینس کے باشندوں ہی نے اختراع کیا تھا۔اس طریقے میں پنی (Tinfoil) کی ایک نفیس شیٹ کے اوپر خالص پارہ انڈیل دیا جاتا تھا۔اس کے اوپر مطلوبہ حجم میں کاٹا گیا چمکدار پالش شدہ شیشہ رکھا جاتا تھا۔اس شیشے کے اوپر بھاری وزنوں کی مدد سے دباؤ ڈالا جاتا تھا۔یوں فالتو پارہ خود بخود نچوڑا جاتا تھا اور شیشے کے اوپر پارے اور قلعی کے املغم (Amalgam) کی ایک باریک تہ چپک جاتی تھی۔اس طریقے سے روشنی کے انعکاس کیلئے ایک کامل سطح وجود میں آتی تھی۔شیشے پر چڑھائے گئے املغم کی تہ کو ہوا کے اثرات سے خراب ہونے سے بچانے کیلئے اس پر وارنش کا لیپ کر دیا جاتا تھا۔

آئینہ سازی کے پرانے طریقوں سے ایک نئی تکنیک وضع کی گئی جس میں شیشے کی پشت پر چاندی کی تہ چڑھائی جانے لگی۔ یہ طریقہ ایک جرمن کیمیادان بیرون فان لی بگ (Baron von Liebig) نے تقریباً 160 سال قبل اختراع کیا تھا۔اس نے ایک کیمیائی طریقہ کار کی مدد سے شیشے کی سطح پر چاندی کی ایک باریک تہ چڑھائی۔اس طرح ایک شاندار عاکس سطح (آئینہ) وجود میں آئی۔ آئینہ بنانے کیلئے شیشے پر قلعی کے املغم کی جگہ آہستہ آہستہ چاندی چڑھانے کا سلسلہ شروع ہو گیا۔اسی اثناء میں شیشہ گروں نے چمکدار شفاف شیشے کی بڑی بڑی شیٹیں بنانے کے نئے نئے طریقے ڈھونڈ لئے۔گزشتہ صدی کے نصف آخر میں آئینہ سازی ایک دستکاری سے تبدیل ہو کر صنعت کی شکل اختیار کر گئی۔یوں کارخانوں میں اعلیٰ قسم کے آئینے تیار ہونے لگے جو کم قیمت ہونے کی وجہ سے ہر کوئی خرید سکتا تھا۔

ایک نفیس آئینہ بنانے کیلئے استعمال کیا جانے والا شیشہ بالکل ہموار ہونا چاہئے اور اسے دونوں اطراف سے بالکل متوازی ہونا چاہئے۔بصورت دیگر آئینے میں نظر آنے والی شے کا عکس منتشر ہو جائے گا۔یہ بھی ضروری ہے کہ شیشے کی پشت پر چڑھائی جانے والی چاندی کی تہ بالکل ہموار، اس کا رنگ خراب نہ ہو اور یہ چھلکوں کی شکل میں شیشے کی سطح کے اوپر سے اتر نہ سکے۔

آئینہ سازی میں استعمال ہونے والی شیشے کی شیٹوں کی جانچ پڑتال ضروری ہوتی ہے کہ مبادا ان میں کوئی نقص موجود ہو۔اس کے بعد ان شیٹوں کو ٹن کلورائیڈ کے محلول میں دھویا جاتا ہے تاکہ اس پر کسی قسم کی چکنائی یا کوئی ایسا مادہ موجود نہ رہے جو اس کی پشت پر چاندی کی تہ کے چپکنے میں مزاحم ہو۔اس عمل کے بعد شیشے کو کشید شدہ پانی سے دھویا جاتا ہے تاکہ اس کے اوپر سے ٹن کلورائیڈ اچھی طرح صاف ہو جائے۔اگر ایسا نہ کیا جائے تو بننے والا آئینہ دھاری دار ہوگا اور اس میں نیلگوں سلیٹی دھبے نظر آئیں گے۔اچھی طرح صاف کئے گئے شیشے کے اوپر چاندی کی تہ چڑھائی جاتی ہے جو ایک یکساں اور سخت تہ کی شکل اختیار کر لیتی ہے اور اس کی پشت ایسی دکھائی دیتی ہے جیسے اس کے اوپر پنی کی ایک باریک تہ چڑھا دی گئی ہو۔یہ سارا عمل دس منٹ کے قلیل وقت میں مکمل ہوتا ہے۔

آئینہ سازی کے دیگر طریقوں میں شیشے کی پشت پر کرومیم اور ایلومینیم کی تہ چڑھائی جاتی ہے۔اس طرح تیار کئے جانے والے آئینے کم قیمت ہوتے ہیں۔ آئینہ سازی میں لیڈ نائٹریٹ اور سونے کا کلورائیڈ بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ان کے استعمال سے آئینے میں ایک گہرے رنگدار عکس کا تاثر پیدا ہوتا ہے۔یہ انعکاسی تہیں چاندی کی تہ کی نسبت زیادہ روشنی جذب کرتی ہیں۔آئینہ بنانے کے لئے شیشے کی پشت پر خواہ کسی بھی مادے کی تہ چڑھائی جائے، اسے خراب ہونے سے بچانے کیلئے اس پر ایک حفاظتی تہ ضرور چڑھائی جاتی ہے۔ اس مقصد کیلئے آئینے کے پیچھے پہلے لاکھ (Shellac) کی تہ چڑھائی جاتی ہے اور اس کے بعد کوری گوند اور تارپین کے تیل کا لیپ چڑھایا جاتا ہے۔یوں آئینے کی پشت ہموار اور سخت ہو جاتی ہے اور موسمی اثرات سے بھی محفوظ ہو جاتی ہے۔

(بحوالہ ایجادات اور دریافتیں)

سب سے چھوٹا دن

22 دسمبر (شمالی کرہ ارض میں)

میرے بزرگ خسر

مولانا محمد احمد جلیل صاحب

مکرم پروفیسر حمید احمد صاحب

جماعت کے ایک بہت بڑے بزرگ مفتی اور جید عالم دین محترم مولانا محمد احمد جلیل صاحب 27۔ اپریل 2005ء کو تقریباً 94 سال کی عمر میں برمنگھم یو۔کے میں وفات پاگئے۔ وہ لمبے عرصہ سے اپنے بیٹے محترم ڈاکٹر مبشر احمد سلیم کے پاس رہائش پذیر تھے۔ مجھے یہ فخر حاصل ہے کہ میں ان کا داماد ہوں۔ میں اپنی شادی کے بعد چند سالوں تک جماعت کے بزرگوں اور اپنے عزیزوں اور دوست احباب کو اپنا تعارف اپنے والد صاحب مرحوم (میجر ڈاکٹر شاہ نواز صاحب) کے ناطے سے کروایا کرتا تھا۔ کچھ مزید عرصہ گزرنے کے بعد مجھے شدت سے محسوس ہونا شروع ہوا کہ میرے خسر کی بزرگی، علمیت، عزت اور شہرت لوگوں کے دلوں میں گھر کئے ہوئے ہے اور جماعت کے عوام اور خواص ان کو بہت احترام کی نگاہ سے دیکھتے ہیں میرے ذہن اور ضمیر نے مجھے احساس دلایا کہ میرے خسر مفتی محمد احمد جلیل صاحب جماعت میں ایک بلند مرتبہ رکھتے ہیں اس امر کی تصدیق ہونے کے بعد میری والدہ ماجدہ کی ایک نصیحت پر تصدیق کی مہر لگ گئی جو کہ انہوں نے مجھے میری منگنی کے بعد کی تھی انہوں نے فرمایا کہ تیری ہونے والی بیوی ایک بہت بڑے بزرگ اور بلند پایہ عالم کی پوتی ہے اور بہت سلیم الفطرت بزرگ اور عالم دین کی بیٹی ہے اس لئے تمہیں اپنی بیوی اور اس کے خاندان کے تمام افراد کی عزت کرنی ہوگی اور بصورت دیگر تم خدا تعالیٰ کی نعماء اور فضائل سے محروم ہو جاؤ گے۔ والدہ محترمہ کے حکم کی بجا آوری کے نتیجہ میں خاکسار ہر جہت سے اللہ تعالیٰ کی نعمتوں سے فیض یاب ہو رہا ہے کیونکہ میرے سسرال کے بزرگوں کی دعائیں میرے شامل حال رہی ہیں۔

مولانا محمد احمد جلیل صاحب کا خلافت اور جماعت کے ساتھ والہانہ لگاؤ تھا جوانی میں ہی جماعت کے لئے زندگی وقف کردی اور پھر ساری عمر بڑے انہماک کے ساتھ سلسلہ کی خدمت کرتے رہے آج سے تقریباً 75 سال قبل پہلے کے واقفین بہت تنگ حالات میں اپنی زندگی بسر کیا کرتے تھے کیونکہ جماعت مالی لحاظ سے کمزور تھی اور ذمہ داریاں بہت زیادہ تھیں۔ لیکن ان وقتوں کے بزرگوں نے نامساعد حالات کے چیلنج کو انتہائی صبر اور حوصلہ سے قبول کیا اور کامیابیوں سے ہمکنار ہوئے۔ میرے خسر بھی ان جیالے روحانی سپوتوں میں سے ایک مردمومن تھے بچوں کی تعلیم ختم ہونے تک میرے خسر اور خوش دامن (جو کہ بہت نفیس سعید الفطرت اور نیک خاتون تھیں) دونوں نے بہت صبر اور کفایت شعاری سے زندگی گزاری۔ مہمانوں کے ساتھ بہت عزت سے پیش آتے اور ان کی خاطر تواضع کرتے۔ میں بعض دفعہ گھبرا کر از راہ ہمدردی اپنی خوش دامن سے کہہ دیتا تھا کہ آپ ہر آئے گئے مہمان کی اتنی زیادہ خاطر کیوں کرتے ہیں جبکہ گھر میں تنگی ہے۔ تو جواباً کہا کرتی تھیں کہ خدا تعالیٰ ہماری ضرورتیں پوری کرتا جا رہا ہے اور انشاء اللہ آئندہ بھی کرتا جائے گا۔

مولانا محمد احمد جلیل صاحب کو اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کا بہت شوق تھا اور انگریزی زبان سے بہت دلچسپی تھی۔ ان کی خواہش تھی کہ وہ انگریزی ادب میں ایم اے کریں اور پھر زندگی وقف کریں۔ اس خواہش کا اظہار مکرم جلیل صاحب نے اپنے والد محترم مولانا محمد اسماعیل صاحب حلال پوری سے کر دیا۔

مولوی صاحب نے فکر مند ہو کر اس بات کا ذکر مکرم مولانا شیر علی صاحب سے کیا اور درخواست کی کہ وہ ان کے بیٹے محمد احمد کو سمجھائیں کہ وہ دینی تعلیم حاصل کرے اور انگریزی پڑھنے کا خیال چھوڑ دے۔ مولانا شیر علی صاحب نے جلیل صاحب کو اپنے پاس بلوایا اور فرمایا کہ دینی تعلیم مکمل کرو کیونکہ جماعت کو دینی علماء کی بہت ضرورت ہے۔ جلیل صاحب نے مولانا صاحب کو جواب دیا کہ آپ نے خود تو بہت اعلیٰ درجہ کی انگلش سیکھی ہے اور محترم چوہدری ظفر اللہ خان صاحب اور مکرم پروفیسر قاضی محمد اسلم صاحب ملک غلام فرید صاحب اور چند ایک اور بزرگوں نے بھی انگریزی زبان پر دسترس حاصل کی ہوئی ہے اور جماعت کی خدمت بھی کر رہے ہیں۔ مولانا شیر علی صاحب نے مکرم محمد احمد صاحب کو سمجھایا کہ پہلے وہ دینی تعلیم مکمل کریں اور پھر شوق سے انگریزی زبان کو خوب سیکھیں محترم جلیل صاحب نے جماعت کے ایک جید عالم اور بزرگ کے مشورہ کو فوراً قبول کیا اور اپنی خواہش کو جماعت کی خدمت کی خاطر قربان کر دیا۔ مولانا نے قادیان میں اعلیٰ دینی تعلیم حاصل کرنے کے بعد دو چوٹی کے دینی اداروں میں بھی مزید تعلیم کی غرض سے تشریف لے گئے۔

میرے خسر بہت ذہین اور فہیم انسان تھے۔ یادداشت بہت عمدہ اور قابل اعتماد تھی۔ دماغ انتہائی منطقی اور زیرک تھا۔ بہت جلد ہر بات کی گہرائی تک پہنچ جاتے تھے اور پیچیدہ علمی اور مذہبی مسائل کو بہت جلد اور بہت خوش اسلوبی سے عمدہ دلائل کے ساتھ حل کر دیتے تھے۔ جواب سننے کے بعد مزید بحث کی گنجائش باقی نہ رہتی تھی اپنے والد صاحب کی طرح ان کو بھی بہت وسیع اور گہرا مطالعہ کا شوق تھا۔ مختلف علوم کو وسعت اور گہرائی سے پڑھنے والے لوگ دار القضاء اور دار الافتاء میں کام کرنے کیلئے نہایت مفید ہوتے ہیں۔ غالباً یہی وجہ تھی کہ جماعت نے مولوی صاحب کو ایک بہت لمبا عرصہ تک دونوں اہم اداروں میں اعلیٰ ترین عہدوں پر فائز رکھا۔ مفتی صاحب کے فیصلوں میں جدیدیت پائی جاتی تھی اور موجودہ دور کے تقاضوں کو پورا کرتے۔

مولانا محمد احمد صاحب بہت عابد بزرگ تھے۔ ہمیشہ باجماعت نماز کا اہتمام کرتے۔ اگر مہمان آجاتے یا موسم خراب ہوتا تو گھر میں جماعت کرواتے۔ تہجد بھی باقاعدگی سے پڑھتے تھے۔ دوسروں کو بھی بڑی شفقت اور اتنے پیار سے نمازوں کی تلقین کرتے کہ سننے والے بہانے اور سستی کا ہتھیار پھینک دیتا اور نماز کیلئے مولوی صاحب کے ہمراہ ہو جاتا۔ مولوی صاحب کی طبیعت انتہائی سادہ تھی صاف اور باوقار لباس پہنتے تھے۔ اچکن اور ٹوپی کے بغیر کبھی گھر سے باہر نہ نکلتے۔ لباس، گفتار، اخلاق اور کردار دینی شعار کے عین مطابق ہوتے۔ خلق اور عادات میں خلوص اور مومنانہ رنگ پایا جاتا تھا۔ غریب اور ان پڑھ لوگوں سے بھی خوشی اور خلوص سے ملتے تھے تاکہ ان کو اپنی پسماندگی اور کم مائیگی کا احساس نہ ہو۔ بے غرض مسرت کا اظہار اور دائمی مسکراہٹ ان کی شخصیت کا مستقل جزو تھا اور انتہائی نامساعد اور تکلیف دہ حالات میں بھی چہرہ پر بشاشت قائم و دائم رہتی۔ ان کی طبیعت اور کردار میں دکھاوے کا کوئی عنصر موجود نہ تھا۔ طنز و مزاح لطیف تھا اور آنحضرتؐ کی سنن اور سیرت کے عین مطابق ہوتا۔ خود پسندی۔ کبریائی اور تکبر کو پاس نہیں آنے دیتے تھے۔ اپنی تعریف سن کر خوش نہیں ہوتے تھے اور خاموش رہتے گفتگو اور بحث بہت مدلل لیکن آہستہ اور ہلکی آواز میں کرتے تھے۔ کبھی بھی جوش میں آکر گفتگو تدریس یا تقریر نہ کرتے۔ منطقی علمی اور سائنسی دلائل سے سننے والوں کو ہم خیال بنا لیتے۔

مولوی صاحب خدا تعالیٰ کے حقوق کی انتہائی حد تک بجا آوری کرتے۔ اسی طرح غرباء یتامیٰ اور مساکین کے حقوق کو بہت احسن طریقہ سے پورا کرتے تھے۔ مریض، معذور، نادار اور تنگ دست لوگوں کے ساتھ چھپ کر حسن سلوک کیا کرتے تھے گھر کے اندر یہ نیک کام ان کی اہلیہ کیا کرتی تھیں اور باہر کے لوگوں سے نیک سلوک انہوں نے اپنے ذمہ لیا ہوا تھا۔ غریب اور نادار رشتہ داروں کے ساتھ نہایت محبت اور شفقت سے پیش آتے تھے۔

مولانا محمد احمد صاحب کی ایک اور نیکی جو کہ حقوق العباد کے زمرہ میں آتی ہے بڑے احسن طریقہ سے بجالاتے تھے آپ بے سہارا اور مجبور گھرانوں اور خاندانوں کے بیٹے اور بیٹیوں کے کامیاب رشتے کروایا کرتے تھے۔ اس نیک کام کی خاطر اپنے پیسے، وقت اور آرام کو قربان کر دیتے تھے۔ اسی طرح جب مختلف گھرانوں اور خاندانوں میں جھگڑے ہو جاتے تھے تو ان کے درمیان صلح کروانے کے لئے ایک بہترین ثالث کا رول اختیار کرتے جس سے طرفین مطمئن ہو جاتے تھے۔ خاندان مسیح موعود کے کئی گھرانوں سے ان کے ذاتی اور گھریلو تعلقات تھے جس کا اظہار کبھی کبھار میرے ساتھ مناسب مسرت، متانت اور وقار کے ساتھ کرتے تھے۔

خاندان کے احباب بھی ان کی علمیت اور بزرگی کا بہت احترام کرتے تھے۔ مولوی صاحب خلیفۂ وقت کے احکام اور فیصلوں کے سامنے سر تسلیم خم کر دیتے تھے۔

میرے خسر بہت سخت جان تھے اور آرام طلبی کو پسند نہ کرتے تھے۔ جب کراچی تشریف لاتے تو میرے گھر میں رہائش پذیر ہوتے بیت الذکر دور ہونے کی وجہ سے گھر میں باجماعت نماز پڑھاتے۔ ایک دفعہ میں نے از راہ خدمت ان کے جائے نماز پر کوئی موٹا نرم کپڑا اچھا دیا تاکہ ان کے گھٹنوں کو آرام مل جائے۔ مولوی صاحب نے نرم کپڑے کو ایک طرف پھینک دیا اور فرمایا کہ عبادت کرتے وقت آرام طلبی اور سہل پسندی کی عادت نہیں ڈالنی چاہئے۔ جب میرے خسر کراچی میں میرے ہاں رہائش پذیر ہوتے تو جماعت کے معزز احباب اور اکابر جن میں خاندان مسیح موعود کے احباب بھی شامل ہوتے تھے ان کو چائے اور کھانے پر مدعو کرتے تھے۔ خاکسار کو بھی ان کے ساتھ بلا لیا جاتا تھا۔

مولوی صاحب نے ایک تنگی کے عالم میں مظفر گڑھ میں ایک بنجر زمین کو بہت مشکل سے قابل کاشت بنایا تھا۔ کچھ عرصہ بعد اس زمین کو فروخت کر کے انہوں نے کہیں چنیوٹ کے آس پاس نئی زمین اور پکی ہوئی فصل خریدی۔ سودا ہونے کے بعد زمیندار نے دھوکہ دیا اور مولوی صاحب کو ایک بہت بڑا نقصان پہنچا دیا۔ جھگڑے اور مقدمہ بازی سے بچنے کیلئے ایک بہت بڑے مالی نقصان کو انتہائی صبر کے ساتھ برداشت کیا اور فیصلہ خدا تعالیٰ کے سپرد کر دیا۔ میں نے اپنی اہلیہ سے کچھ پریشانی کا اظہار کیا انہوں نے بھی مجھے صبر کی تلقین کی۔ میں نے اپنے دل میں کمزوری ایمان کی وجہ سے سوال کیا کہ خدا تعالیٰ نے اتنے بے ضرر بزرگ شخص کو اتنا بڑا امتحان کیوں دیا ہے۔ مجھے اس وقت دنیوی (Mundane) کاروبار کی اقتصادیات (Economics) کا علم تھا لیکن روحانی کاروبار کی روحانی اقتصادیات کا کچھ زیادہ شعور نہ تھا اس روحانی تجارت کی سمجھ بوجھ 30 سال کے بعد اس وقت آئی جب میں نے اپنے خسر کے تمام نقصان کا تخمینہ لگایا تو وہ ان کے بیٹے اور نواسوں کی صرف ایک ماہ کی آمدنی کے برابر تھا۔ اس کے علاوہ مولوی صاحب کی چاروں بیٹیاں بھی خدا تعالیٰ کے فضل سے خوشحال اور خوش و خرم ہیں۔

خدا تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہم سب کو مولوی صاحب کے نیک اوصاف کو اپنانے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

☆......☆......☆......☆

ماخوذ

30/اکتوبر 2005ء کو مریخ زمین کے قریب ترین ہوگا

ہم 23 ہزار 500 میل فی گھنٹہ کی رفتار سے مریخ کے قریب ہو رہے ہیں

''سرخ سیارہ مریخ بہت جلد مسحور کن منظر پیش کرنے والا ہے''۔ صرف یہی جملہ پڑھتے ہوئے آپ مریخ کے 25 میل قریب ہو گئے ہیں۔ کیونکہ ہماری زمین 23 ہزار 500 میل فی گھنٹہ کی رفتار سے سرخ سیارے کی طرف بڑھ رہی ہے۔ **زمین اور مریخ 30/اکتوبر کو یونیورسل ٹائم کے مطابق 3 بجکر 19 منٹ پر ایک دوسرے کے انتہائی قریب ہوں گے۔ ان کے مرکزوں کا درمیانی فاصلہ 6 کروڑ 90 لاکھ کلومیٹر ہوگا** اور آنکھ سے مریخ ہمیں چمکدار دکھائی دے گا۔ اس کی سرخی مائل چاندنی کا ہالہ بھی دکھائی دے گا مگر ایسا نہیں ہوگا کہ مکمل چاند جتنا دکھائی دے یا اس کی روشنی چاندنی کی طرح زمین کو چمکا دے گی۔ ہمیں سرخ سیارہ خلاء میں موجود اپنے ہمعصروں سیارہ مشتری (جیوپیٹر) اور اس کے حریف چمکیلے ستارے سائرس سے واضح طور پر زیادہ چمکیلا روشن اور چاندنی بکھیرتا دکھائی دے گا۔ لیکن سورج، چاند اور زہرہ (وینس) کے حسن کا پھر بھی مقابلہ نہیں کرسکے گا۔ 30/اکتوبر کو سرخ ستارے کا میگنی ٹیوڈ منفی 2.3 ہوگا اور اسے آسمان نورد سورج کے ڈھلتے ہی دیکھ سکیں گے جبکہ نصف شب کو یہ عین سر پر چمک رہا ہوگا۔

